سوال

(355) قضاء سے پہلے نفل پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کسی عورت کے ذمے رمضان المبارک کے روزوں کی قضاء واجب ہو تو کیا وہ واجب القضاء روزوں کی موجودگی میں نفلی روزے مثلا یوم عرفہ کا روزہ رکھ سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

رمضان المبارک کے روزوں کی جلد قضاء دینی چاہیے۔ قضاء سے پہلے نفلی روزے نہیں رکھنے چاہئیں۔ لیکن اگر وہ یوم عرفہ یا کوئی نفلی روزہ رکھے تو اس سے فرض ساقط نہیں ہو گا۔ اگر وہ اس نیت سے روزے رکھے کہ رمضان کے روزے اس کے ذمہ قرض ہیں تو روزے صحیح ہوں گے اور وہ ان شاء اللہ اجر کی مستحق ہوگی۔ شیخ ابن جبرین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

مختلف فتاویٰ جات، صفحہ: 365

محدث فتویٰ